2024-09-15

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں          محمد عمّار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندر مودی آج جھارکھنڈ میں ٹاٹانگر سے 6 وندے بھارت ٹرینوں کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ وہ پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے 20 ہزار مستفیدین کو منظوری لیٹر بھی تقسیم کریں گے۔

2 وزیر داخلہ امت شاہ نے انسداد دہشت گردی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کیلئے قومی جانچ ایجنسی NIA اور ریاستی انسداد دہشت گردی دستوں کے درمیان تعاون کو بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

3 CBI نے کولکاتہ کی ٹرینی ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کیس کے سلسلے میں آرجی گر میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش اور پولیس کے ایک اہلکار کو گرفتار کیا ہے۔

4 بھارت کا 55 واں بین الاقوامی فلم فیسٹول اِس سال ایک نیا سیکشن Best Debut Indian Film Section متعارف کرائے گا۔

5 آج Onam کا سب سے مقدس دن Thiruonam منایا جارہا ہے۔

6 اور کھیلوں میں، Brussels میں ڈائمنڈ لیگ فائنل میں نیرج چوپڑا نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں دوسرے مقام پر رہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Jharkhand Gujarat and Odisha

وزیراعظم نریندر مودی آج سے جھارکھنڈ، گجرات اور اڈیشہ کے تین روزہ دورے پر ہوں گے۔ جناب مودی آج جھارکھنڈ جائیں گے اور ٹاٹانگر جنکشن ریلوے اسٹیشن پر ٹاٹانگر-پٹنہ وندے بھارت ٹرین سمیت 6 وندے بھارت ٹرینوں کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ وہ 660 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ریلوے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور ملک کے نام وقف کریں گے۔ جناب مودی ٹاٹا نگر میں پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے 20 ہزار مستفیدین کو منظوری لیٹر

بھی تقسیم کریں گے۔ اِس موقع پر مرکزی وزیر شیوراج چوہان، آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا سرما اور جھارکھنڈ بی جے پی کے سربراہ بابولال مرانڈی موجود ہوں گے۔

جناب چوہان نے کہاکہ وزیراعظم ایک کِلِک سے پانچ کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم مستفیدین کے بینک اکاؤنٹس میں براہ راست منتقل کریں گے۔ جناب چوہان نے مزید کہاکہ 46 ہزار مستفیدین کیلئے نئے تعمیر کردہ مکانات کیلئے 'گرہ پرویش' کی تقریب بھی منعقد کی جائے گی۔

S/B Shivraj Singh Chouhan

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ 6 وندے بھارت ٹرینوں کے روٹ سے نہ صرف ریل کنکٹی ویٹی بہتر ہوگی بلکہ اِس سے خطے میں اقتصادی سرگرمیوں کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C KK Lal

وزیراعظم نریندر مودی ٹاٹا نگر ریلوے اسٹیشن پر ایک شاندار رنگا رنگ تقریب میں ٹاٹانگر-پٹنہ وندے بھارت ٹرین کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ جناب مودی ورچوئل وسیلے سے باقی پانچ وندے بھارت ٹرینوں کو بھی جھنڈی دکھائیں گے۔ اِن میں سے تین ٹرینیں بھاگلپور، گیا اور راوکیلا سے کولکاتہ تک ہیں، جبکہ باقی دو ٹرینیں دیوگھر سے وارانسی اور برہم پور سے ٹاٹانگر ریلوے اسٹیشن تک کی ہیں۔ جناب مودی ٹاٹانگر-پٹنہ وندے بھارت ٹرین میں سفر کرنے والے بچوں سے بات چیت کریں گے۔ جدید ترین وندے بھارت ٹرینوں سے اِن راستوں پر ریل کنکٹی ویٹی بہتر ہوگی۔ اِن ٹرینوں سے دیوگھر میں واقع Baidyanath Dham، وارانسی میں واقع کاشی وشوناتھ مندر، بہار میں واقع بودھ گیا اور کولکاتہ میں واقع کالی گھاٹ اور بیلور مٹھ جیسے مذہبی مقامات تک تیز رفتار سفر سے خطے میں مذہبی سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا۔

وزیراعظم جمشیدپور کے گوپال میدان میں ایک عوامی جلسے سے بھی خطاب کریں گے۔ عوامی جلسے سے قبل جناب مودی Voltas Round سے گوپال میدان تک ڈیڑھ کلو میٹر روڈ شو بھی کریں گے۔

وزیراعظم کَل گجرات کے گاندھی نگر میں پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے مستفیدین سے بات چیت کریں گے۔

جناب مودی گاندھی نگر میں واقع مہاتما مندر میں عالمی قابل تجدید توانائی سرمایہ کاروں کی چوتھی میٹنگ اور نمائش Re-Invest کا افتتاح کریں گے۔ وزیراعظم احمد آباد میٹرو ریل پروجیکٹ کا بھی افتتاح کریں گے اور سیکشن وَن میٹرو اسٹیشن سے گِفٹ سٹی میٹرو اسٹیشن تک میٹرو میں سفر کریں گے۔ شام میں جناب مودی احمدآباد میں 8 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔

منگل کو وزیراعظم اڈیشہ کا سفر کریں گے۔ وہ پردھان منتری آواس یوجنا-شہری کے مستفیدین سے بات چیت کریں گے۔ جناب مودی اڈیشہ کے بھونیشور میں 3 ہزار 800 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے متعد ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور ملک کے نام وقف کریں گے۔ x

Amit Shah NSS Conference

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے انسداد دہشت گردی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کیلئے قومی جانچ ایجنسی NIA اور ریاستی انسداد دہشت گردی دستوں کے درمیان باہمی تعاون اور تال میل کو بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے یہ بات گل نئی دلّی میں دوروزہ قومی سلامتی کی حکمت عملی کانفرنس 2024 کے دوسرے دن صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اِس موقع وزیرداخلہ نے ریاستوں کے پولیس کے ڈائریکٹر جنرل DGP صاحبان سے 2047 تک وزیراعظم نریندر مودی کے بھارت کو خوشحال، مضبوط اور ترقی یافتہ ملک بنانے کے وژن کو حاصل کرنے کیلئے کام کرنے کی اپیل کی۔ وزیرداخلہ نے انسداد دہشت گردی کی کوششوں کو بڑھانے کیلئے ایک تفصیلی حکمت عملی کی تجویز پیش کی، جس میں بین الاقوامی ایجنسیوں کے ساتھ اشتراک و تعاون اور دہشت گردی کی مالی اعانت کو روکنے کیلئے صلاحیتوں کو بڑھانا شامل ہیں۔

انہوں نے ماؤنوازوں کے خلاف کوششوں میں کامیابی پر اطمینان کا اظہار کیا اور اُن ریاستوں کو خبردار کیا، جنہوں نے حال ہی میں چوکسی برقرار رکھنے کیلئے علاقوں کو مسلح تنظیموں سے آزاد کرانے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ جناب شاہ نے اِس بات پر زور دیاکہ جموں وکشمیر، بائیں بازو کی انتہاپسندی سے متاثرہ علاقے اور شمال مشرق جیسے قومی سلامتی کے مسائل کو حل کرنے میں خاطر خواہ پیشرفت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہاکہ منشیات، دشمن کے ڈرونس، آن لان دھوکہ دہی جیسے ابھرتے ہوئے چیلنجز کی شناخت کرنا اور بڑے چیلنجز بننے سے پہلے اُن سے نمٹنا ضروری ہے۔ x

## CBI Arrest Sandip Ghosh

مغربی بنگال میں مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے گل آر-جی-گر میڈیکل کالج اور اسپتال کی ٹرینی ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کیس کے سلسلے میں آرجی گر میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش اور Tala پولیس اسٹیشن کے سابق آفیسر انچارج ابھیجیت مَنڈَل کو گرفتار کیا۔ CBI کے ذرائع نے کہاہے کہ اُن پر ثبوتوں سے چھیڑ چھاڑ کرنے اور FIR درج کرانے میں تاخیر کے الزامات ہیں۔ سی بی آئی نے ابھیجیت منڈَل سے اُن کی گرفتاری سے پہلے کئی گھنٹے پوچھ تاچھ کی۔ اِس سے پہلے سی بی آئی نے آرجی کر اسپتال میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں سے متعلق ایک الگ کیس میں سندیپ گھوش کو گرفتار کیا۔ x

## CBI Chakra Three

تحقیقاتی کے مرکزی بیورو CBI نے اپنے جاری آپریشن Chakra Three میں ایک جدید ورچوئل اثاثے اور بُلین صرافہ سے تعاون یافتہ سائبر کرائم نیٹ ورک کو کامیابی کے ساتھ ختم کردیا ہے۔ CBI نے گل اِس معاملے میں میں ممبئی سے ایک شخص کو گرفتار کیا۔ CBI کے مطابق ملزم2022 سے بیرونِ ممالک سے متاثرین کو نشانہ بنا رہا ہے۔ ملزم کے رہائشی احاطے میں تلاشی کی کارروائی کے دوران سونے کی 57 اینٹیں، 16 لاکھ روپے نقد، ایک لیپ ٹاپ جو کرپٹو کرنسیوں کے انتظام کے لیے استعمال کیا جاتا تھا، لاکرز کی تفصیلات اور دیگر مجرمانہ دستاویزات برآمد کی گئیں۔ یہ کارروائی امریکہ کے بیورو آف اِنویسٹی گیشن کے ساتھ قریبی تال میل کے ساتھ کی گئی۔x

## Delhi Police Foreigners

دلی پولیس نے غیر ملکی شہریوں کو اپنی پراپرٹی کرائے پر دینے کے سلسلے میں رہنما خطوط جاری کیے ہیں۔ جو افراد غیر ملکی شہریوں کو رہائش کے لیے اپنی پراپرٹی کرائے پر دیتے ہیں، انھیں Foreigners Regional Registration office (FRRO) کو اس سلسلے میں اُن کی آمد کے 24 گھنٹے کے اندر اندر مطلع کرنا ہوگا۔

ہوٹل کو کرائے پر دینے والے، پراپرٹی مالکان اور ایڈمنسٹریٹر کے لیے یہ لازمی قرار دیاہے کہ وہ غیر ملکی شہریوں کو اپنی پراپرٹی کرائے پر دیتے وقت ایک رجسٹر میں اس کا اندراج کریں، جسے معائنے کے لیے کبھی بھی طلب کیا جا سکتا ہے۔

## Meerut Building Collapse

اُتر پردش میں، میرٹھ ضلعے میں کَل شام ایک تین منزلہ عمارت کے منہدم ہونے سے کم از کم سات افراد کی موت ہوگی۔ یہ حادثہ میرٹھ کے لوہیا نگر علاقے کی ذاکر کالونی میں پیش آیا، جس میں ایک چھوٹی بچی اور دو نو عمر بچوں سمیت سات افراد جاں بحق ہوگئے۔ میرٹھ کے ضلع مجسٹریٹ دیپک مینا نے کہا کہ جب یہ حادثہ پیش آیا تو عمارت میں اُس وقت تقریباً 14 سے 15 افراد موجود تھے۔NDRF اورSDRF سمیت بچاؤ ٹیموں نے ملبے سے 12 افراد کو کامیابی کے ساتھ باہر نکالا جن میں خواتین اور بچے شامل تھے۔

تاہم ایک کنبے کے تین افراد ابھی بھی ملبے میں دبے ہوئے ہیں۔ شدید بارش کی وجہ سے بچاؤ مہم میں رخنہ پڑا ہے۔ انتظامیہ نے بچاؤ مہم کے پیشِ نظر علاقے کو خالی کرنے کے لیے پوری رات کام کیا ہے۔

وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے حادثے کی معلومات لی اور وہ بچاؤ آپریشن کی نگرانی کر رہے ہیں۔

## BREAK

خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## GONG

## I & B Ministry IFFI

اطلاعات ونشریات کی وزارت نے نوجوان فلم سازوں کیلئے بھارت کے بین الاقوامی فلم فیسٹول IFFI 2024 کے حصے کے طور پر ایک نیا سیکشن قائم کیا ہے، جسے Best Debut Indian Film Section 2024 کا نام دیا گیا ہے۔ بھارت کا 55 واں بین الاقوامی فلم فیسٹول IFFI گوا میں 20 نومبر سے 28 نومبر کے درمیان منعقد کیا جائے گا۔ اِس سیکشن کے ذریعے بھارت کا بین الاقوامی فلم فیسٹول ملک کی Debut فلموں پر توجہ مرکوز کرے گا، جس میں ملک بھر سے مختلف بیانیوں اور سنیما کے انداز کو اُجاگر کیا جائے گا۔ فلموں کا یہ انتخاب نوجوان فلم سازوں کے تخلیقی نقطہ نظر اور کہانی سنانے کے منفرد انداز کو اُجاگر کرے گا، نئے ٹیلنٹ کیلئے ایک پلیٹ فارم مہیا کرے گا اور ابھرتے ہوئے ہدایت کاروں کے کام کو اجاگر کرے گا۔

اِس سیکشن میں زیادہ سے زیادہ پانچ Debut فلموں کا انتخاب کیا جائے گا اور اِن فلموں کو بہترین Debut انڈین فلم سیکشن میں دکھایا جائے گا۔ بہترین Debut انڈین فلم سیکشن کیلئے اندراج کا عمل ابھی کھلا ہے اور اِس کیلئے اندراج کرانے کی آخری تاریخ 23 ستمبر ہے۔ x

Doordarshan

دور درشن آج اپنے شاندار سفر کے 65 سال مکمل کر رہا ہے۔ 15 ستمبر 1959 کو قائم ہونے والے دوردرشن سے بھارت کے نشریاتی عہد کا آغاز ہوتا ہے۔ اُس وقت کے صدر جمہوریہ راجیندر پرساد نے اسی دن پہلے نشریہ کا افتتاح کیا تھا۔ آج دوردرشن بھارت کا سب سے بڑا نشریاتی ادارہ ہے اور اس کا اسٹوڈیو اور ٹرانسمیٹر کا ایک بڑا نیٹ ورک ہے۔ یہ ٹیلی ویژن، آن لائن اور موبائل خدمات فراہم کرتا ہے جس کی رسائی بڑے شہروں، دور دراز کے علاقوں کی نیز بین الاقوامی ناظرین تک ہے۔

گذشتہ برسوں میں دوردرشن کا نیٹ ورک وسیع ہوا ہے جس میں 35سیٹیلائٹ چینل، جن میں 6 آل انڈیا چینل اور 22 علاقائی چینل ہیں۔x

DD On Mahabharat

Onam

کیرالہ میں آج اونم کا سب سے مبارک دن Thiruonam منایا جا رہا ہے۔ یہ ریاست کا سب سے بڑا ثقافتی تہوار ہے۔ دنیا بھر میں کیرالہ کے لوگ مذہبی وابستگی سے بالاتر ہوکر پورے جوش و خروش کے ساتھ یہ تہوار منا رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Mayusha

کیرالہ میں فصلوں کی کٹائی کا تہوار اونم ملیالم ماہ Chingam میں منایا جاتا ہے۔ یہ عقیدہ ہے کہ راجہ مہا بلی کی حکمرانی کے دوران ریاست کا سنہری دور تھا اور اپنی رعایہ سے ملنے کے لیے ان کی آمد کو اونم کے طور پر منایا جاتا ہے۔ جبکہ کیرالہ اپنا سب سے بڑا ثقافتی تہوار منا رہا ہے۔ سڑکوں پر لوگوں کا ہجوم ہے اور لوگ انتہائی خوش ہیں۔ اونم لوگوں کے ساتھ آنے، ایک دوسرے کو نیک خواہشیات اور تحائف دینے کا بھی موقع ہوتا ہے۔ اِس سال وائناڈ میں زمین کھسکنے سے ہونے والی تباہی کے مدِّ نظر ریاستی حکومت کی طرف سے سرکاری طور پر اونم کی تقریبات منسوخ کردی گئی ہیں۔ اس بار اونم وائناڈ کے ساتھ یکجہتی کے طور منایا جا رہا ہے کیونکہ یہ امید اور تمام غیر موافق حالات پر قابو پانے اور مستقبل کو خوشحال بنانے کی علامت ہے۔x

Prez Onam

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے اونم کے موقع پر ملک کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔ صدر نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اونم ایک ایسا تہوار ہے جس میں کیرالہ کے ثقافتی ورثے اور روایت کو منایا جاتا ہے۔ صدر نے کہا کہ یہ تہوار فصل کی کٹائی کا تہوار ہے اور کیرالہ کی ثقافتی ورثے اور روایات کا جشن منانے کا موقع ہے۔ انھوں نے کسانوں کے تئیں اظہارِ تشکر کیا جو ملک کو

خوراک فراہم کرنے کے لیے دن رات کام کرتے ہیں۔ صدر مرمو نے کہا کہ خوشحالی کے اِس تہوار سے سماجی بھائی چارے کو فروغ دینے کے لیحے لوگوں کی حوصلہ افزائی بھی ہوتی ہے۔x

PM Engineers Day

وزیراعظم نریندر مودی نے آج انجینئرس کے دِن کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے ترقی اور اختراع میں اضافہ کرنے اور مختلف شعبوں میں اہم چیلنجز کو حل کرنے میں انجینئروں کے اہم تعاون کا اعتراف کیا۔ انہوں نے Sir M Visvesvaraya کو بھی خراج عقیدت پیش کیا اور کہاکہ انجینئرنگ کے شعبے میں اُن کا گرانقدر تعاون ابھی بھی انجینئروں کو حوصلہ فراہم کررہا ہے۔ اِس کے علاوہ وزیراعظم نے انجینئرس کے دِن کو یاد کرتے ہوئے ایک ویڈیو بھی شیئر کیا۔ x

IMD Rainfall

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج چھتیس گڑھ اور جھارکھنڈ کے علاقوں میں انتہائی شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ مدھیہ پردیش کے مشرقی علاقوں کیلئے ایسا ہی الرٹ کل کیلئے جاری کیا گیاہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Abhishek

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD کے مطابق مشرقی مدھیہ پردیش، بہار اور اڈیشہ میں انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔ اِس کے علاوہ ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ کے علاقوں میں بھی شدید بارش کا امکان ہے۔ IMD نے کہاہے کہ توقع ہے کہ مغربی بنگال کے گنگا کے علاقوں کے اوپر بنا ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ خطے میں مغرب کی سمت رفتہ رفتہ بڑھے گا۔

IMD نے بہار، اڈیشہ، گنگا کے میدانی علاقوں اور جھارکھنڈ میں اچانک سیلاب کے خطرے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے ماہی گیروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ شمالی خلیج بنگال اور بنگلہ دیش، مغربی بنگال اور اڈیشہ کی ساحل سے متصل سمندر میں کَل صبح تک نہ جائیں۔

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD کے مطابق مشرقی مدھیہ پردیش، بہار اور اڈیشہ میں انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔ اِس کے علاوہ ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ کے علاقوں میں بھی شدید بارش کا امکان ہے۔ IMD نے کہاہے کہ توقع ہے کہ مغربی بنگال کے گنگا کے علاقوں کے اوپر بنا ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ خطے میں مغرب کی سمت رفتہ رفتہ بڑھے گا۔

IMD نے بہار، اڈیشہ، گنگا کے میدانی علاقوں اور جھارکھنڈ میں اچانک سیلاب کے خطرے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے ماہی گیروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ شمالی خلیج بنگال اور بنگلہ دیش، مغربی بنگال اور اڈیشہ کی ساحل سے متصل سمندر میں کَل صبح تک نہ جائیں۔

## Russia Ukrain

روس اور یوکرین نے جاری لڑائی کے دوران پکڑے گئے 206 جنگی قیدیوں کا تبادلہ کیا ہے۔ روس کی وزارت دفاع نے کہاہے کہ مجموعی طور پر Kursk خطے میں پکڑے گئے 103 روسی فوجیوں کو رہا کردیا گیا ہے۔ اس کے عوض 103 یوکرینی فوجیوں کو رہا کیا گیا ہے۔ x

## MPOX Congo

ڈیموکریٹک ریپبلک آف کونگوDRC دو اکتوبر سے MPOX ٹیکہ کاری مہم کے اپنے پہلے مرحلے کا آغاز کرے گا۔

میڈیا کے مطابق یہ ٹیکہ کاری مہم گیارہ اکتوبر تک جاری رہے گی۔ جس میں بین الاقوامی شراکت داروں سے دو اعشاریہ 65 لاکھ سے زیادہ خوراکیں موصول ہوں گی۔ بچوں کے لیے ٹیکہ کاری کی تین ہزار خوراکوں کی خریداری کا عمل کافی حد تک آگے بڑھ رہا ہے۔

یہ قدم اس وقت سامنے آیا جب عالمی ادارہ صحتWHO نے حال ہی میں MVA-BN ویکسین کو اپنی پری کوالی فکیشن لسٹ میں پہلی بار MPOX ویکسین کے طور پر منظوری دینے کا اعلان کیا ہے۔

ویکسین 18 سال یا اُس سے زیادہ عمر کے تمام بالغوں میں چیچک، MPOX، اور متعلقہ آرتھوپاکس وائرس انفیکشن اور بیماری کے خلاف فعال حفاظتی ٹیکوں کی طرف اشارہ کرتی ہے۔x

## Neeraj Chopra

بھارت کے مایہ ناز کھلاڑی نیرج چوپڑا نے گل رات برسلز میں ڈائمنڈ لیگ فائنل میں 87 اعشاریہ آٹھ چھ میٹر دور نیزہ، پھینک کر دوسرا مقام حاصل کیا۔ نیرج صرف ایک سینٹی میٹر فرق سے فائنل جیتنے سے چوک گئے۔ پیرس اولمپکس میں کانسے کا تحفہ جیتنے والے Anderson Peters نے 87 اعشاریہ آٹھ سات میٹر کی دوری پر نیزہ پھینکر کر پہلا مقام حاصل کیا۔ اس دوران جرمنی کے Julian Webes تیسرے مقام پر رہے۔ نیرج، لگاتار دوسرے سال ڈائمنڈ لیگ میں دوسرے مقام پر رہے۔x

## Chess Olympiad

Budapest میں کل شطرنج اولمپیاڈ 2024 میں بھارتی ٹیم نے اوپن اور خواتین، دونوں زمروں میں چوتھے راؤنڈ میں 0.5-3.5 سے زبردست جیت حاصل کی۔ اوپن سیکشن میں بھارتی ٹیم نے سربیا کو جبکہ خواتین کی ٹیم نے فرانس کو ہرایا۔ آج پانچویں راؤنڈ میں خواتین ٹیم قزاخستان سے مقابلہ کرے گی جبکہ اوپن سیکشن میں بھارتی ٹیم آذربائیجان کا مقابلہ کرے گی۔ x

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - عمّار

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے جموں و کشمیر اور ہریانہ میں انتخابی ریلیوں سے وزیراعظم کے خطاب کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیراعظم کے حوالے سے سرخی لگائی ہے کہ جموں و کشمیر میں آخری سانسیں لے رہی ہے: دہشت گردی، ریاست کو تین خاندانوں نے برباد کیا ہے جبکہ اخبار پرتاپ، ہریانہ میں وزیراعظم کے حوالے سے سرخی لگائی ہے، ہریانہ کے لوگ اپنی زبان کے پکّے BJP ہیٹ ٹرک بنائیگی۔ اخبار ملاپ کی ایک سرخی ہے امت شاہ نے ہندی دیوس پر ہندی اور مقامی زبانوں کے اتحاد کو اجاگر کیا۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس نے جنیوا میں وزیر خارجہ ایس جے شنکر کی سوئٹزر لینڈ میں اپنے منصب سے ملاقات کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار انقلاب نے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ کے حوالے سے لکھا ہے کہ قانون کی حکمرانی کا احترام، انصاف اور استحکام کو فروغ دیتا ہے۔

اس کے علاوہ اخبارات نے حکومت کے ذریعے پیاز کی کم از کم برآمداتی قیمت کی شرط ہٹائے جانے سے متعلق خبر کو بھی اہمیت دی ہے۔ اخبارات نے زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ مودی حکومت کسان دوست۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

_ امریکہ، یوکرین کو روس میں امریکی میزائل استعمال کرنے کی اجازت پر غور کر رہا ہے۔ بائیڈن کا بیان۔

_ شمالی کوریا، روس کے ساتھ تعاون کو وسعت دے گا: کم چونگ اُن کا بیان۔

_ منکی پوکس کی پہلی ویکسین کو ڈبلیوایچ او نے منظوری دی۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی آج جھارکھنڈ میں ٹاٹانگر سے 6 وندے بھارت ٹرینوں کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ وہ پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے 20 ہزار مستفیدین کو منظوری لیٹر بھی تقسیم کریں گے۔

2 وزیر داخلہ امت شاہ نے انسداد دہشت گردی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کیلئے قومی جانچ ایجنسی NIA اور ریاستی انسداد دہشت گردی دستوں کے درمیان تعاون کو بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

3 CBI نے کولکاتہ کی ٹرینی ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کیس کے سلسلے میں آرجی کَر میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش اور پولیس کے ایک اہلکار کو گرفتار کیا ہے۔

4 بھارت کا 55 واں بین الاقوامی فلم فیسٹول اِس سال ایک نیا سیکشن Best Debut Indian Film Section متعارف کرائے گا۔

5 آج Onam کا سب سے مقدس دن Thiruonam منایا جارہا ہے۔

6 اور کھیلوں میں، Brussels میں ڈائمنڈ لیگ فائنل میں نیرج چوپڑا نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں دوسرے مقام پر رہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

------------------------------------